# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^^

**Text of Urdu news Bulletin**
**Time** 09:20....09:25/  AM

Date: 29 July 2026

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گل

بل

لوک سبھا میں آج پبلک **Examinations** ترمیمی بل **2026** پر بحث جاری رہے گی۔اس بل کا مقصد امتحانات کے عمل میں مزید شفافیت لانا ہے۔بل میں عام امتحانات کے عمل میں کسی بھی طرح کی انتظامی بدنظمی پیدا کرنے میں ملوث افراد کے خلاف سخت کاروائی کی بھی سفارش کی گئی ہے۔

روزگار میلہ

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں کو سکل انڈیا کا اہم ستون، ڈیجیٹل انڈیا کے سفیر اور آتم نربھر بھارت کے رہنما قرار دیا ہے۔امر سنگھ کالج سرینگر میں کل منعقدہ **77** ویں سٹیٹ لیول میگا جاب میلے کے دوران خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ اس طرح کے پروگراموں کا انعقاد نوجوانوں کی توقعات کو پورا کرنے کے ضمن میں ایک اہم قدم ہے۔

-----**V/O LG**-----

روزگار میلے کی اختتامی تقریب میں وزیر اعلیٰ نے شرکت کی۔اپنے خطاب میں انہوں نے اس میلے کے دوران منتخب ہوئے نوجوانوں کو مبارک باد دیتے ہوئے انہیں مستقبل کیلئے نیک خواہشات پیش کیں۔

-----**V/O CM**------

رانا ملاقات

ممبران اسمبلی ہلال اکبرلون، سجاد شاہین، ارشاد رسول کار، پیارے لال شرما، سیف الدین بٹ، رندھیر سنگھ اور ظفر علی کٹھانہ نے سرینگر میں جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا کے ساتھ ملاقات کر کے اپنے اپنے حلقوں کی ترقیاتی ضروریات اور مختلف منصوبوں کی عمل آوری کے بارے میں ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔اس موقعے پر وزیر موصوف نے کہا کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار عوامی خدمات کی فراہمی کو مزید مستحکم بنانے، لوگوں کو ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب رکھنے اور ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے پر خصوصی توجہ مرکوز کر رہی ہے۔

سولر پینل

جموں وکشمیر میں **8** ہزار **181** سرکاری عمارتوں کی چھتوں پر سولر پینل نصب کئے گئے ہیں جن سے **85** میگا واٹ کی توانائی پیدا ہو رہی ہے۔اس طرح جموں وکشمیر ملک کی **31** ریاستوں اور یوٹیز میں اس پروگرام کی عمل آوری میں تیسرے نمبر پر ہے۔اس بات کی جانکاری کل سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران سائنس وٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما کو دی گئی۔وزیر موصوف نے اس حصولیابی پر اطمینان کا اظہار کیا۔انہوں نے توانائی کی بچت کو یقینی بنانے کیلئے مذکورہ اسکیم کو مزید وسعت دینے کی ہدایت دی۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے چند روز قبل اننت ناگ میں ایک دہشت گرد حملے میں شہید ہوئے پولیس کے ہیڈ کانسٹیبل عاشق حسین قریشی کے گھر جا کر ان کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔وزیر موصوفہ نے سوگوار کنبے کو سرکاری کی جانب سے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔ایم ایل اے بیروہ، ایم ایل اے خانصاحب اور ایم ایل اے ٹنگمرگ بھی ان کے ہمراہ تھے۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے سرینگر میں افسروں کی ایک میٹنگ طلب کرکے جموں وکشمیر میں **Ease of Doing Business** پروگرام کے تحت اب تک کی حصولیابیوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے اس سلسلے میں ہر طرح کی طوالت کو دور کرنے اور کاروبار کے خواہشمند افراد کیلئے یہ عمل مزید آسان بنانے کی ہدایت دی۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے سے جاری ہے اور اب تک مجموعی طور ساڑھے **4** لاکھ سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے ہیں۔آج صبح **8** بجے تک **429** مزید یاتریوں نے گپھا پر حاضری دی۔پہلگام راستے پر مرمت کا کام جاری ہے جس کے چلتے اس روٹ سے یاترا عارضی طور پر بند ہے۔اسی بیچ آج بھگوتی نگر جموں کے بنیادی کیمپ سے **2** ہزار **51** یاتریوں پر مشتمل **22** واں قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا۔

ڈی سی بڈگام

ضلع ترقیاتی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے کہا ہے کہ زرعی سیکٹر کو مزید فروغ دینے کیلئے بنیادی سطح پر بامعنی اقدامات کئے جانے چاہئیں۔شیخ العالم ہال بڈگام میں کل ایک روزہ کسان میلے کا افتتاح کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کو لیبارٹریوں سے کھیتوں تک لے جانے سے اس سیکٹر میں جدیدیت لائی جاسکتی ہے۔اس ورکشاپ کے دوران ضلع کے مختلف علاقوں سے آئے کسانوں کو پائیدار زرعی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق جانکاری فراہم کی گئی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **20** اعشاریہ **8** ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت **22** اعشاریہ **6** ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے۔خدا حافظ۔